المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# چہل حدیث

# امام زین العابدین علیہ السلام

1 تا 10





المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# السلام علیک سید الساجدین

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۱

### بافضیلت ترین جہاد

إِنَّ أَفْضَلَ الْجِهادِ عِفَّةُ الْبَطْنِ وَالْفَرْجِ

بافضیلت ترین جہاد اپنے شکم اور شرمگاہ کی حفاظت ہے۔

(مشکاۃ الانوار ص ۱۵۷، ح ۲۰)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید السّاجدین علیہ السّلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۲

### مومن کا چہرہ محبت سے دیکھنا عبادت

نَظَرُ الْمُؤْمِنِ فِی وَجْهِ أَخِيهِ الْمُؤْمِنِ لِلْمَوَدَّةِ وَالْمَحَبَّةِ لَهُ عِبادَه

اپنے برادرِ مومن کے
چہرے پر محبت و الفت بھری نگاہ ڈالنا عبادت ہے۔

(تحف العقول، ص ۲۰۴)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

السلام علیک
# سید الساجدین

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۳

### طلب علم کی فضیلت

لَوْ يَعْلَمُ النّاسُ ما فِي طَلَبِ الْعِلْمِ لَطَلَبُوهُ وَ لَوْ بِسَفْكِ الْمُهَجِ وَ خَوْضِ اللُّجَجِ

اگر لوگ طلب علم کی فضیلت سے آگاہ ہو جاتے تو پھر وہ اسکی طلب میں خون بہانے اور گہرے سمندروں میں غوطہ لگانے پر بھی تیار ہو جاتے۔

(اصول کافی، ج ۱ ص ۳۵)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سیّد السّاجدین السّلامُ علیک

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۴

### دنیا اور آخرت میں لوگوں کے سید و سالار

سادَۃُ النّاسِ فی الدُّنیا الاَسْخِیاء، وَ سادَۃُ الناسِ فی الاٰخِرَۃِ الاَتْقیاء

سخی افراد دنیا میں

اور متقی (باتقویٰ) افراد آخرت میں لوگوں کے سید و سردار ہیں۔

(مشکاۃ الانوار ص ۲۳۲ ح ۲۰)

الهدیٰ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین علیہ السلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۵

### خداوند عالم دو قطروں کو بہت زیادہ پسند کرتا ہے

مَا مِن قَطرَةٍ أَحَبُّ إِلَى اللهِ عَزَّوَجَل مِن قَطرَةِ دَمٍ فِي سَبِيلِ اللهِ و قَطرَةِ دَمعَةٍ فِي سَوادِ اللَّيل

خداوندِ عالم دو قطروں کو خوب پسند کرتا ہے: ایک راہ خدا میں بہنے والا خون کا قطرہ اور ایک شب کی تاریکی میں آنکھوں سے بہنے والے آنسو کا قطرہ۔

(خصائل الصدوق، ص 50)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

السّلام علیک

# سید السّاجدین

چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ٦

## تین گناہ نزول عذاب کا باعث

الذُّنُوبُ الّتی تُنزِلُ النِّقَمَ عِصیانُ العارِفِ بِالبَغیِ وَ التَطاوُلُ عَلَی النّاسِ وَ الاِستِهزاءُ بِهِم وَ السُّخرِیَّةُ مِنهُ

تین گناہ ہیں جو نزول عذاب کا باعث بنتے ہیں: جان بوجھ کر کسی پر ستم کرنا، دوسروں کے حقوق پامال کرنا اور دوسروں کا مذاق اڑانا۔

(معانی الاخبار ص ٢٧٠)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی آئی ایس او پاکستان

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

السلام علیک

# سید الساجدین

چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۷

## قرآنی آیات میں غور و فکر کرو

آیاتُ الْقُرآنِ خَزائِنُ الْعِلْمِ، کُلَّما فُتِحَتْ خَزانَةٌ، فَيَنْبَغي لَكَ أَنْ تَنْظُرَ ما فيها

قرآنی آیات علوم کا خزانہ ہیں، جب کبھی کوئی خزینہ کھولا جائے تو اس میں خود اچھی طرح غور و فکر کیا کرو۔

(مستدرک الوسائل، ج ۴، ص ۲۳۸، ح ۳)

المھدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



المهدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین
السلام علیک

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۸

### خدا کے نزدیک منفور ترین

ألا و إنَّ أبغَضَ النّاسِ إلَى اللّه مَن يَقتَدى بِسُنَّةِ إمامٍ و لا يَقتَدِى بِأعمالِهأ لا و إنَّ أبغَضَ النّاسِ إلَى اللّه مَن يَقتَدى بِسُنَّةِ إمامٍ و لا يَقتَدِى بِأعمالِهِ

خبردار خدا کے نزدیک منفور ترین وہ ہے جو امام کا طرزِ زندگی انتخاب کرتا ہے لیکن ان کے اعمال کی پیروی نہیں کرتا ہے۔

(الکافی، ج۸، ص ۲۳۴)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

السلام علیک
# سید الساجدین

چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۹

## صدقہ کی اہمیت

إِنَّها الصَّدَقَةَ تَقَعُ فِی یَدِ اللّٰه قَبلَ أن تَقَعَ فِی یَدِ السّائِلِ

صدقہ اس سے پہلے کہ وہ ضرورت مند کے
ہاتھ تک پہنچے خداوند تعالیٰ کے ہاتھ (بارگاہ) میں پہنچتا ہے۔

(عدّۃ الدّاعی، ص ۵۹)



المھدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین السلام علیک

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۱۰

### اہلِ بیت علیہم السلام

نَحنُ أبوابُ اللّهِ ، ونَحنُ الصِّراطُ المُستَقيمُ، ونَحنُ عَيبَةُ عِلمِهِ، ونَحنُ تَراجِمَةُ وَحيِهِ، ونَحنُ أركانُ تَوحيدِهِ، ونَحنُ مَوضِعُ سِرِّهِ

ہم خدا تک پہنچنے کے دروازے اور اس کا سیدھا راستہ ہیں۔ ہم اُس کے علم کے حامل اور اُس کے وحی کے راوی ہیں اور ہم اُس کی توحید کی بنیادیں اور اُس کے راز کی جگہ ہیں۔

(معانی الأخبار: ۳۵/۵)

# چہل حدیث

# امام زین العابدین علیہ السلام

11 تا 20



المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین علیہ السلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۱۱

### اُنس با قرآن

لَوْمَاتَ مَنْ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَمَا اسْتَوْحَشْتُ بَعْدَ أَنْ يَكُونَ الْقُرْآنُ مَعِي

اگر مشرق اور مغرب کے درمیان رہنے والے سب مر جائیں (اور میں تنہا رہ جاؤں)

تو جب تک قرآن میرے پاس ہے میں تنہائی محسوس نہیں کروں گا۔

(اصول کافی، ج2، ص ۶۰۲)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



# سید الساجدین علیہ السلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۱۲

### بے نیازی

مَنْ قَنَعَ بِما قَسَّمَ اللّٰہُ لَہُ فَھُوَ مِنْ اَغْنَی النّاسِ

جو شخص تقسیم الٰہی پر راضی ہو وہ بے نیاز ترین لوگوں میں سے ہے۔

(کشف الغمہ، ج ۲، ص ۱۰۲)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین علیہ السلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۱۳

### انسان کی عظمت

قَیلَ ''للسَّجادُ'' علیه السلام مَنْ اَعْظَمُ النّاسِ خَطَرا، قالَ مَنْ لَمْ یَرَیَ الدّنیا خَطَرالِنَفْسِهِ

امام سجاد علیہ السلام سے پوچھا گیا کہ سب سے باعظمت لوگ کون ہیں؟

فرمایا: وہ کہ جو دنیا کو اپنی قدر و قیمت کا ذریعہ نہ سمجھیں۔

(کشف الغمہ، ج۲، ص۱۰۷)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

الھدیٰ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# السلام علیک سید الساجدین

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۱۴

### گناہ سے دوری

عَجِبۡتُ لِمَنۡ یَحۡتَمی مِنَ الطَّعامِ لِمَضَرَّتِهِ وَلایَحۡتَمی مِنَ الذَّنۡبِ لِمَعَرَّتِهِ

میں اس شخص پر حیران ہوں جو کھانے سے پرہیز کرتا ہے تاکہ اس سے کوئی نقصان نہ ہو۔ لیکن وہ گناہ سے نہیں بچتا تاکہ اس کی رسوائی میں گرفتار نہ ہو۔

(کشف الغمہ، ج۲، ص۱۰۷)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA



المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# السّلام علیک سید الساجدین

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۱۵

### مومن کا اخلاق

مِنْ اَخْلاقِ الْمُؤْمِنِ، الْاَنْفاقُ عَلی قَدْرِ الْاِقْتارِ وَالتَوَسُّعُ عَلی قَدْرُ التَّوَسُّعَ وَ اِنْصافُ الناسِ وَابْتِدائُہُ بالسّلام عَلَیْھِم

مومن کے اخلاق میں سے ایک یہ ہے کہ وہ تنگدستی اور وسعت کا لحاظ رکھ کر خرچ کرتا ہے، اور (اپنے اہل وعیال کیلئے) مناسب خرچ کرتا ہے لوگوں کے ساتھ انصاف سے پیش آتا ہے اور سلام میں پہل کرتا ہے۔

(اصول کافی، ج ۳، ص ۳۳۸)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

# سید الساجدین علیہ السلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۱۶

### جھوٹ سے پرہیز

قالَ کانَ عَلِیُّ بنُ الحُسَینِ صَلَواتُ اللّهِ عَلَیهِما یَقُولُ لِوُلدِهِ اِتَّقُوا الکِذبَ؛ اَلصّغیرَ مِنهُ والکَبیرَ فکُلِّ جِدٍّ وَهزلٍ فَاِنَّ الرَّجُلَ اِذا کَذَبَ فالصّغیر، اِجتَرئَ عَلَی الکَبیرِ

حضرت سجاد علیہ السلام اپنی اولاد سے فرمایا کرتے تھے: جھوٹ بولنے سے بچو، خواہ وہ چھوٹا جھوٹ ہو یا بڑا، خواہ وہ سنگین معاملات میں ہو یا مذاق میں، کیونکہ جب آدمی چھوٹی چھوٹی باتوں میں جھوٹ بولتا ہے تو وہ بڑا جھوٹ بولنے کی جرأت پیدا کر لیتا ہے۔

(اصول کافی، ج ۳، ص ۳۵)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین علیہ السلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۱۷

### واجبات پر عمل کرنا

مَنْ عَمِلَ بِما افْتَرَضَ اللّٰهُ عَلَیْهِ فَهُوَ مِنْ خَیْرِ النّاسِ

جو شخص خدا کے واجب کئے گئے
فرائض کے مطابق عمل کرے وہ بہترین لوگوں میں سے ہے۔

(اصول کافی، ج ۳، ص ۱۲۸)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین السلام علیک

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۱۸

### دائمی عمل اگرچہ کم ہی ہو

اِنّی لَاُحِبُّ اَنْ اُداوِمَ عَلَی الْعَمَلِ وَاِنْ قَلَّ

**میں پسند کرتا ہو کہ نیک عمل**

**دائمی طور پر (ہمیشہ) انجام دوں اگرچہ کم ہی کیوں نہ ہو۔**

(اصول کافی، ج ۳، ص ۱۳۰)

الھدیٰ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین علیہ السلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۱۹

### منتظرینِ امام زمانہ (عج) کا مقام

اَلْمُنْتَظِرُونَ لِظُهُورِهِ أَفْضَلُ أَهْلِ كُلِّ زَمانٍ

ہر دور کے بہترین لوگ وہ ہیں
جو حضرت مہدی علیہ السلام کے ظہور کے منتظر ہیں۔

(بحارالأنوار، ج ۵۲ ص ۱۲۲)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین علیہ السلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۲۰

### امام قائم کے زمانے میں ولایت پر قائم رہنا

مَنْ ثَبَتَ عَلی وِلَایَتِنا فی غَیْبَةِ قائِمِنا اَعْطاهُ اللّٰه اَجْرَ اَلْفِ شَهیدٍ مِثْلَ شُهَداء بَدْرٍ وَ اُحُد

جو کوئی ہمارے قائم کی غیر موجودگی میں ہماری ولایت پر ثابت قدم رہے گا اللہ تعالیٰ اُسے بدر اور اُحد کے ایک ہزار شہداء کا ثواب عطا فرمائے گا۔

(بحار الانوار، ج ۵۲ ص ۱۲۵)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# چہل حدیث

# امام زین العابدین علیہ السلام

## 21 تا 30



المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# السلام علیک
# سید الساجدین

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۲۱

### نیت عمل

لا عَمَلَ اِلاّ بِالنِیَّةِ

نیت کے بغیر عمل کی کوئی قدر و قیمت نہیں ہے۔

(اصول کافی، ج ۳، ص ۱۳۲)

السّلام علیک

# سیدالساجدین

چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۲۲

## صبر اور ایمان

اَلصَّبْرُ مِنَ الْاِیمانِ بِمَنْزِلَةِ الرَّأْسِ مِنَ الْجَسَدِ وَ لا ایمانَ لِمَنْ لا صَبْرَ لَهُ

”صبر“ کی نسبت ”ایمان“ سے ایسی ہے جیسی سر کی جسم کے ساتھ (جس طرح سر نہ ہو تو جسم کی کوئی اہمیت نہیں) اسی طرح جس میں ”صبر“ نہیں ہے اس کا ”ایمان“ نہیں ہے۔

(اصول کافی، ج ۳، ص ۱۲۸)

المہدی ادارہ تربیت اسلامی آئی ایس او پاکستان

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین علیہ السلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۲۳

### موت کو یاد کرنا

امام سجاد علیہ السلام نے فرمایا

اِنَّ الْحَسَنَ علیه السلام کانَ اِذا ذَکَرَ الْمَوْتَ بَکی وَاِذا ذَکَرَ الْقَبْرَ بَکی

**امام حسن علیہ السلام جب موت کو یاد کرتے تو روتے اور جب بھی قبر کو یاد کرتے تو روتے۔**

(امالی صدوق،ص ۱۵۰)



السلام علیک

# سید الساجدین

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۲۴


المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان


### ولایت وعبادت

اِنَّ اللّٰهَ افْتَرَضَ خَمسا وَ لَمْ يَفْتَرِضْ الاّحَسَنا جَمِيلاً الصَّلاةَ وَالزَّكاةَ والْحَجَّ والصِّيامَ و وِلايَتَنا اَهْلَ الْبَيتِ، فَعَمِلَ النّاسُ بِاَرْبَعٍ وَ اسْتَخَفُّوا بِالْخامِسَةِ، وَاللّهِ لا يَسْتَكْمِلُوا الاَرْبَعَ حتّى يَسْتَكْمِلُوها بِالْخامِسَةِ

اللہ تعالیٰ نے پانچ چیزیں فرض کی ہیں اور ان میں نیکی اور خوبصورتی کے سوا کچھ نہیں۔ نماز، زکوٰۃ، حج، روزہ اور ہم اہل بیتؑ کی ولایت۔ تو لوگوں نے پہلی چار پر عمل کیا اور پانچویں کو کم سمجھا، خدا کی قسم پہلی چار ہماری ولایت کے بغیر مکمل نہیں ہوں گی۔

(بحار الأنوار، ج ۲۳ ص ۱۰۵)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین علیہ السلام

چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۲۵

## شہادت ہمارے لئے کرامت ہے

اَلْقَتْلُ لَنا عادَةٌ وَ کَرامَتُنا الشَّهادَةُ

قتل ہونا ہماری عادت
اور شہادت ہمارے لئے کرامت ہے۔

(بحارالانوار، ج ۴۵، حدیث ۱۱۸)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

السلام علیک
سید الساجدین

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۲۶

# اہلِ بیت (ع) کے امتیازات

أَيُّهَا النَّاسُ أُعْطِينَا سِتّاً وَ فُضِّلْنَا بِسَبْعٍ؛ أُعْطِينَا الْعِلْمَ وَ الْحِلْمَ وَ السَّمَاحَةَ وَ الْفَصَاحَةَ وَ الشَّجَاعَةَ وَ الْمَحَبَّةَ فِي قُلُوبِ الْمُؤْمِنِينَ

لوگو! خدا نے ہمیں چھ امتیازات اور سات فضیلتوں سے نوازا ہے؛ ہمارے چھ امتیازات علم، حلم، بخشش وسخاوت، فصاحت، شجاعت، اور مؤمنین کے دل میں ودیعت کردہ محبت سے عبارت ہیں۔

(خطبہ امام سجادؑ دربار شام)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان



# السلام علیک سید الساجدین

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۲۷

### منافق کی نشانیاں

اَلْمُنافِقُ يَنْهىٰ وَ لا يَنْتَهىٰ وَيَأْمُرُ بِما لا يَأْتى

منافق کسی برے کام سے منع کرتا ہے لیکن خود اس سے گریز نہیں کرتا اور اچھے کام کا حکم دیتا ہے لیکن خود اسے بجا نہیں لاتا۔

(وسائل الشیعہ، ج ۱۱، ص ۴۱۹، حدیث ۵)

السّلام علیک
# سیّد السّاجدین

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۲۸

### مومن کا چہرہ دیکھنا عبادت

نَظَرُ المُؤمِنِ فی وَجهِ أخیهِ المُؤمِنِ لِلمَوَدَّةِ و المَحَبَّةِ لَهُ عِبادَةٌ

مومن کا اپنے مومن بھائی کے
چہرے کو دوستی اور محبت سے دیکھنا عبادت ہے۔

(تحف العقول، ص ۲۸۲)

الہدیٰ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

السّلامُ علیک
سیّد السّاجدینؑ

چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۲۹

## نیک لوگوں کی صحبت

مُجالَسَةُ الصّالِحينَ داعِيَةٌ إلَى الصَّلاحِ

نیکو کاروں کے ساتھ اٹھنا بیٹھنا نیکی کی طرف لے جاتا ہے۔

(بحارالأنوار، ج ۷۸، ص ۱۳۶)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان
@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

السلام علیک سید الساجدین

چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۳۰

## صدق ووفاء

خَیرُ مَفاتیحِ الاُمورِ الصِّدقُ وَ خَیرُ خَواتیمِها الوَفاءُ

کسی کام کا بہترین آغاز صداقت اور اختتام وفاداری ہے۔

(بحار الأنوار، ج ۷۸، ص ۱۶۱)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

# چہل حدیث

# امام زین العابدین علیہ السلام

31 تا 40




@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین السلام علیک

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۳۱

### اچھی گفتگو

اَلْقَوْلُ الْحَسَنُ يُثْرِى الْمالَ وَيُنْمِى الرِّزْقَ وَيُنْسِئُ فِى الأَجَلِ وَيُحَبِّبُ إِلَى الأَهْلِ وَيُدْخِلُ الْجَنَّةَ

اچھی گفتگو دولت اور فراوانی میں اضافہ کرتی ہے، موت میں تاخیر کرتی ہے، آدمی کو خاندان میں مقبول بناتی ہے اور اسے جنت میں پہنچاتی ہے۔

(خصال، ص ۳۱۷، ح ۱۰۰)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA




المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان


# سید الساجدین علیہ السلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۳۲

### حق اللہ

فَاَمّا حَقُّ اللّٰهِ الاَكبَرُ فَاِنَّكَ تَعبُدُهُ لا تُشرِكُ بِهِ شَيئًا فَاِذا فَعَلتَ ذٰلِكَ بِاِخلاصٍ جَعَلَ لَكَ عَلى نَفسِهِ اَن يَكفِيَكَ اَمرَ الدُّنيا وَ الآخِرَةِ وَيَحفَظَ لَكَ ما تُحِبُّ مِنها

خدا کا سب سے بڑا حق یہ ہے کہ تم اس کی عبادت کرو اور اس کے ساتھ کسی کو شریک قرار نہ دو، کیونکہ اگر تم یہ کام خلوص نیت سے کرو گے تو خدا تمارے دنیا اور آخرت کے کاموں میں تمہارے لیے کافی ہو گا اور جو تمہیں پسند ہے وہ تمہارے لیے محفوظ رکھے گا۔

(تحف العقول، ص ۲۵۶)

سید الساجدین علیہ السلام

الہدیٰ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۳۳

# ماں کا حق

فَحَقُّ أُمِّكَ أن تَعلَمَ أنَّها حَمَلَتكَ حَيثُ لايَحمِلُ أحَدٌ أحَدا وأطعَمَتكَ مِن ثَمَرَةِ قَلبِها ما لايُطعِمُ أحَدٌ أحَدا

آپ کی والدہ کا حق یہ ہے کہ آپ جان لیں کہ اس نے آپکو ایسی جگہ رکھا (شکم میں) جہاں کوئی اور نہیں اٹھاتا اور اپنے دل کے میوہ سے آپ کو وہ کچھ کھلایا جو کوئی نہیں کھلاتا۔

(رسالۃ حقوق امام سجادؑ)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

السلام علیک

# سید الساجدین

چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۳۴

## بہترین جہاد

إِنَّ أَفْضَلَ الْجِهادِ عِفَّةُ الْبَطْنِ وَالْفَرْج

با فضیلت ترین جہاد اپنے شکم اور شرمگاہ کی حفاظت ہے۔

(مشکاۃ الأنوار ص ۱۵۷، ص ۲۰)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA



المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین السلام علیك

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۳۵

### دعا کا اثر

الدُّعاءُ یَدفَعُ البَلاءَ النّازِلَ وَما لَم یَنزِلُ

دعا سے نازل ہو چکی اور نازل ہونے والی، دونوں بلائیں دور ہوتی ہیں۔

(الکافی، ج ۲، ص ۴۶۹ ح ۵)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA

سید الساجدین علیہ السلام

الٓمہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۳۶

### تین چیزیں مومن کی نجات کا باعث

ثَلاثٌ مُنْجِیاتٌ لِلْمُؤمِن کَفُّ لِسانِهِ عَنِ النّاسِ وَاغتِیابِهِمْ، وَإشْغالُهُ نَفْسَهُ بِما یَنْفَعُهُ لِآخِرَتِهِ وَدُنْیاهُ، وَطُولُ البُکاعَلی خَطیئَتِهِ

تین چیزیں مومن کو نجات دیتی ہیں: اپنی زبان کو لوگوں کے بارے میں بات کرنے اور ان کی غیبت سے روکنا، اپنے آپ کو ایسے کاموں میں مصروف رکھنا جو آخرت اور دنیا کے لیے مفید ہیں، اور اپنی غلطیوں پر بہت رونا۔

(تحف العقول، ص ۲۰۴)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA



المھدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین علیہ السلام

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۳۷

### زبان

إِنَّ لِسانَ ابْنَ آدَمِ یُشْرِفُ عَلی جَمیعِ جَوارِحِهِ کُلَّ صَباحٍ فَیَقُولُ کَیْفَ أَصْبَحْتُمْ فَیَقُولُونَ بِخَیْرٍ إِنْ تَرَکْتَنا، إِنَّما تُثابُ وَ نُعاقَبُ بِكَ

آدمی کی زبان اس کے تمام اعضاء و جوارح پر حاوی ہے اور وہ ہر صبح ان سے کہتی ہے: تم نے صبح کس حال میں کی؟ وہ جواب دیتے ہیں: اگر آپ ہمیں چھوڑ دیں تو ہم ٹھیک اور آرام سے رہیں گے، کیونکہ آپ کے ذریعے ہمیں جزا اور سزا ملے گی۔

(اصول کافی، ج ۲، ص ۱۱۵)

@IDARATARBIATISOPAK @IDARATARBIAT TARBIAT.IDARA



المہدی ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

# سید الساجدین السلام علیک

چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۳۸

## قضا و قدر

الرِّضا بِمَكْرُوهِ الْقَضا، مِنْ أَعْلَى دَرَجاتِ الْيَقينِ

وہ مقدراتِ الٰہی جو انسان کو پسند نہ ہوں ان پر راضی رہنا ایمان و یقین کے اعلیٰ درجات میں سے ایک ہے۔

(مستدرک الوسائل: ج ۲، ص ۴۱۳، ح ۱۶)

المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

السّلام علیک
سیّدالسّاجدینؑ

چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۳۹

## عیب جو

مَنْ رَمَى النَّاسَ بِمَا فِيهِمْ رَمَوْهُ بِمَا لَيْسَ فِيهِ

جو لوگوں میں عیب تلاش کرتا ہے، ان کے عیبوں کو بیان کرتا ہے اور ان پر الزام لگاتا ہے، دوسرے لوگ اس پر وہ الزام لگاتے ہیں جو اس میں نہیں ہے۔

(بحار الانوار: ج ۷۵، ص ۲۶۱، ح ۶۴)



المہدیؑ ادارہ تربیت اسلامی
آئی ایس او پاکستان

السّلامُ علیكَ

# سیّد السّاجدین

## چہل حدیث امام زین العابدین علیہ السلام ۴۰

### خداوند تعالی کی توصیف ممکن نہیں

لَو اجْتَمَعَ أهْلُ السّماء وَ الأرْضِ أنْ یَصِفُوا اللّهَ بِعَظَمَتِهِ لَمْ یَقْدِرُوا

تمام اہل زمین و آسمان اکٹھے ہو جائیں اور اللہ تعالیٰ کی عظمت اور جلال کے لحاظ سے اس کی تعریف کرنا چاہیں تو وہ اس سے قاصر ہوں گے۔

(اصولِ کافی: ج ۱ص ۱۰۲، ح ۴)

